## سوال

(821) غیبت اور چغلی میں کیا فرق ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

غیبت اور چغلی میں کیا فرق ہے؟ اور صدقہ اور خیرات میں کیا فرق ہے؟ میرے کم علم کے مطابق تو غیبت اور چغلی ایک ہی ہیں اور صدقہ وخیرات بھی ایک ہی چیز کے دونام ہیں (قاری محمد یعقوب گجر)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

غیبت کا مطلب ہے : (( ذکرک أخاک بما یکرہ )) 3 اس سے عام کہ غیبت کرنے والے کی غرض افساد فی الناس ہو یا نہ ۔ اور نمیمہ وچغلی میں غرض افساد بین الناس ہوتی ہے ۔ تو ہر نمیمہ وچغلی غیبت ہے ولا عکس ہر غیبت نمیمہ وچغلی نہیں تو دونوں میں عموص خصوص مطلق والی نسبت ہے ۔

عربی کے اعتبار سے صدقہ خاص نیکی ہے ، جبکہ خیرات تمام نیکیوں اور خیر کے کاموں وغیرہ پر بولا جاتا ہے ۔ تو ہر صدقہ ، خیرات میں شامل ہے ۔ جبکہ تمام خیرات صدقہ نہیں ۔ اور اگر صدقہ کا معنی بھی (( کل معروف صدقة )) والا لے لیا جائے تو پھر دونوں میں کوئی فرق نہیں ۔ البتہ ہمارے اُردو پنجابی عرف میں عام طور پر خیرات کا لفظ صدقہ پر بولا جاتا ہے ۔

3 مسلم ،کتاب البر باب تحریم الغیبة۔

۱۴۲۳،۹،٦ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

**جلد 02 ص 787**